تبصرے

فاروق نامہ حصّہ دوم - از جناب ذکراللہ خاں صاحب ذاکر ندوی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۱۰۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت ۱ؔ؎ - پتہ :- مکتبہ محمدیہ لبکوہر بازار ضلع بستی۔

لائق مصنف جن کا ذوقِ شاعری شستہ وشگفتہ ہے اور جن کو غزل اور نظم دونوں پر یکساں قدرت ہے۔ حفیظ جالندھری کے شاہنامۂ اسلام کے طرز پر اس سے پہلے فاروق نامہ کی جلد اوّل شائع کر چکے ہیں جو ہماری نظر سے نہیں گذری۔ زیرِ تبصرہ کتاب اسی کی دوسری جلد ہے اس میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شجاعت و فداکاری اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد جو واقعات پیش آئے اُن کو بیان کرنے کے بعد فتوحاتِ عراق کا مفصل تذکرہ کیا گیا ہے۔ واقعات کو نظم میں بیان کرنا اوّل تو یوں بھی آسان نہیں ہے۔ پھر حضرت عمرؓ کے عہد کے فتوحات اور اس سلسلہ میں جو واقعات پیش آئے اُن کو شعر کی زبان سے بیان کرنے کے لئے قدرتِ کلام کے ساتھ زورِ بیان اور جوشِ اظہار بھی درکار ہے تاکہ کمال محاکات کے ساتھ شاعری کا حق بھی ادا ہو سکے۔ خوشی کی بات ہے کہ ذاکر صاحب بحیثیت مجموعی اس دوہرے فرض کو بخوبی انجام دینے میں کامیاب رہے ہیں اور یہ اُن کی چابکدستی فن اور گرمجوشی طبع دونوں کی دلیل ہے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ اس کے چیدہ چیدہ حصّے مسلمانوں کے عام مجمعوں میں خوش آوازی کے ساتھ پڑھکر سُنائے جائیں۔ واقعات یا تلمیحات کے استناد کے لئے حاشیہ میں حوالے بھی درج ہیں۔

دینی لغات - از مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی تقطیع متوسط۔ ضخامت ۲۰۴ صفحات۔ کتابت وطباعت معمولی۔ قیمت مجلّد ۵ؔ؎ پتہ :- دارالاشاعت شمس آباد ضلع اٹک (مغربی پاکستان)

قرآن مجید اور عام عربی زبان کے اردو لغات تو متعدد لکھے گئے ہیں۔ لیکن اس لغت میں قرآن کے ساتھ احادیث اور تفسیر و فقہ کی کتابوں میں جو لغات آئے ہیں ان کو بھی شامل کر لیا گیا ہے اسی بنا پر اس کا نام دینی لغات ہے۔ الفاظ میں جو افعال ہیں اُن کے صیغے اور جو اسماء ہیں اُن کے مفرد اور جمع بتائے گئے ہیں اور جن الفاظ کے متعدد معانی مختلف مقامات پر آئے ہیں اُن مقامات کی نشاندہی کے ساتھ وہ سب